**07.11.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL Opening**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آفتاب احمد
**Music**

.................................

☆ بہار اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے کی انتخابی مہم عروج پر ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما ووٹروں کو لبھانے کی کوشش کر رہے ہیں۔
☆ وزیراعظم نریندر مودی نے قومی گیت 'وندے ماترم' کے ڈیڑھ سوسال پورے ہونے کے موقع پرایک سال چلنے والی تقریبات کا آغاز کیا۔ انھوں نے کہا کہ یہ صرف ایک گیت نہیں بلکہ بھارت کی روح کی عکاسی ہے۔
☆ بھارت نے پاکستان کی خفیہ نیوکلیائی ٹیسٹ کے بارے میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیان کا نوٹس لیا ہے۔ بھارت نے کہا ہے کہ غیر قانونی نیوکلیائی کارروائیاں پاکستان کی تاریخ کا حصہ ہیں۔
☆ بھارت کا 56واں بین الاقوامی فلم فیسٹیول 20 نومبر سے گوا میں شروع ہوگا۔
☆ اور FIDE شطرنج عالمی کپ میں ارجن Erigaisi اور Pentala ہری کرشنا نے تیسرے مرحلے کا گیم وَن جیت لیا ہے۔ گوکیش، Praggnanandhaa اور Vidit کے میچ ڈرا پر ختم ہوئے۔

.................................

**(Music)**
اب خبریں تفصیل سے

**Bihar Campaigning**

بہار اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے کی انتخابی مہم عروج پر ہے۔ NDA اور مہاگٹھ بندھن کے علاوہ دوسری پارٹیوں کے رہنماؤں نے بھی آج کئی انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔ BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اورنگ آباد اور Bhabhua میں NDA امیدواروں کی حمایت میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔

اورنگ آباد میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ NDA، بہار کو ترقی یافتہ بنائے گا۔ انھوں نے کہا کہ بہار کو NDA کے دیانتداری پر مبنی منشور پر بھروسہ ہے۔ انھوں نے الزام لگایا کہ کانگریس اور RJD صرف گالی گلوچ اور الزام تراشی کی سیاست کر رہی ہے۔

**S/B PM**

Bhabhua میں ایک اور ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے الزام لگایا کہ RJD اور کانگریس نے بہار کے نوجوانوں کو گمراہ کرنے کی بھرپور کوشش کی لیکن اُن کا منصوبہ ناکام ہوگیا۔

**S/B PM**

BJP کے ایک اور سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ اگر NDA اقتدار میں آئے گی تو بہار کو سیلاب سے آزاد کرنے کیلئے ایک وزارت قائم کی جائے گی۔

**S/B Amit Shah**

سینئر کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے امرپور میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ یہ انتخاب بہار کے مستقبل کے بارے میں ہے۔ جناب گاندھی نے ووٹروں سے اپیل کی کہ وہ ایسی سرکار چُنیں جو اُن کیلئے کام کرے اور ضرورت کے وقت اُن کے ساتھ ہو۔

بھاگلپور میں ایک اور ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے الزام لگایا کہ کسانوں، مزدوروں، چھوٹے کاروباریوں اور ملازمین کو برباد کرنے کیلئے GST نافذ کیا گیا تھا۔

بانکا میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی نے کہا کہ بہار میں مہاگٹھ بندھن سرکار ہر ایک شہری کی آواز بنے گی۔

**S/B Rahul Gandhi**

مہاگٹھ بندھن کے وزیر اعلیٰ کے امیدوار تیجسوی پرساد یادو نے پورنیہ، ارریہ، بھاگلپور اور بانکا میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ NDA کے رہنما روزگار کے اہم معاملے سے لوگوں کو بھٹکانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ سماجوادی پارٹی کے صدر اکھلیش یادو نے بھی روہتاس کے Nokha میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔x

## PM Vande Matram

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ قومی گیت 'وندے ماترم'، ایک گیت نہیں بلکہ بھارت کی روح کی عکاسی ہے۔ وزیر اعظم نے آج نئی دلّی میں قومی گیت 'وندے ماترم' کے ڈیڑھ سو سال پورے ہونے پر سال بھر چلنے والے پروگرام کا افتتاح کیا۔

قومی راجدھانی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ 'وندے ماترم' ایک منتر، ایک توانائی، ایک خواب اور ایک عزم ہے۔ انھوں نے کہا کہ 'وندے ماترم' کا لب لباب، بھارت، ماں بھارتی اور بھارت کا لافانی تصور ہے۔ انھوں نے کہا کہ 'وندے ماترم' ملک کی آزادی کی جدوجہد کی آواز بن گئی تھی۔ یہ ایک ایسا نعرہ تھا جو ہر ایک انقلابی کی زبان پر تھا اور ایک ایسی آواز تھی، جو ہر بھارتی کے احساس کا مظہر تھا۔انھوں نے کہا کہ 'وندے ماترم' ماں بھارتی کے تئیں خود کو وقف کرنے کی عکاسی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ یہ گیت ہمیں ملک کی تاریخ سے جوڑتی ہے اور مستقبل کی طرف راغب کرتی ہے۔ انھوں نے ایک ساتھ مل کر 'وندے ماترم' گانے کو ایک بے مثال تجربہ قرار دیا۔ جناب مودی نے کہا کہ بنَ کم چند چٹ اُپادھیائے نے اپنی گیت کے ساتھ ایک آزاد، متحد اور خوشحال بھارت کی پُرزور مانگ کی شروعات کی تھی۔

**S/B PM**

وزیر اعظم نے اِس موقع پر ایک یادگاری ٹکٹ اور سکّہ بھی جاری کیا۔ انھوں نے 'وندے ماترم 150.in' پورٹل کا بھی اجرا کیا، جہاں شہری قومی گیت گانے کے ویڈیوز اَپ لوڈ کرکے سرٹیفکیٹ حاصل کرسکتے ہیں۔x

## Varanasi PM Visit

وزیر اعظم نریندر مودی آج شام وارانسی پہنچ گئے ہیں۔ وارانسی کے لوگ اور پارٹی ورکروں نے وزیر اعظم کا شاندار خیرمقدم کیا۔ اپنے دورے کے دوران، وزیر اعظم کُل چار نئی وندے بھارت ایکسپریس کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ یہ ٹرینیں بنارس–کھجوراہو، لکھنؤ–سہارنپور، فیروز پور–دلّی اور اِرناکلم–بینگلورو روٹ پر چلیں گی۔ ان ٹرینوں سے سفر کے اوقات میں کمی آئے گی، علاقائی آمد ورفت بہتر ہوگا، سیاحت کو فروغ حاصل ہوگا اور ملک بھر کے اقتصادی کام کاج کو تعاون حاصل ہوگا۔x

## PREZ VISIT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل سے دوممالک انگولا اور بوتسوانہ کا دورہ کریں گی۔ صدر جمہوریہ اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں اپنے ہم منصب Joao Manuel Goncalves Lourenco کی دعوت پر انگولا کا دورہ کریں گی۔ بھارت اور انگولا رواں برس سفارتی تعلقات کے 40برس مکمل ہونے کا جشن منا رہے ہیں۔ صدر جمہوریہ اپنے دورے کے دوران 9نومبر کو صدر Lourenco سے دوطرفہ بات چیت کریں گی۔ وہ 11نومبر کو انگولا کی آزادی کے 50برس مکمل ہونے کی تقریبات میں شرکت کریں گی۔ صدر جمہوریہ مرمو کا انگولا کی پارلیمنٹ سے خطاب اور وہاں موجود بھارتی برادری سے ملاقات کا بھی پروگرام ہے۔

بھارت اور انگولا کے درمیان دوستانہ اور باہمی مدد کے گہرے رشتے ہیں اور یہ مزید بہتر ہو رہے۔ یہ دورہ دو طرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لینے کا ایک موقع فراہم کرے گا اور ساتھ ہی تعاون کے باہمی مفادات پر مبنی تعاون کو مزید رفتار فراہم کرے گا۔x

## MEA Briefing

بھارت نے کہا ہے کہ نئی دلّی نے پاکستان کی نیوکلیائی ٹیسٹنگ کے بارے میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیان کو نوٹ کیا ہے۔ بھارت نے پاکستان پر یہ کہتے ہوئے الزام لگایا کہ اُس کی خفیہ اور غیر قانونی نیوکلیائی سرگرمیوں کی تاریخ رہی ہے، جو دہائیوں سے اسمگلنگ، برآمداتی پابندیوں کی خلاف ورزیوں، چوری چھپی ساز باز اور پھیلاؤ کے ارد گرد گھومتی رہی ہیں۔

نئی دلّی میں آج دوپہر میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت نے ہمیشہ پاکستان کے ریکارڈ کے اِن پہلوؤں کی جانب بین الاقوامی برادری کی توجہ مبذول کرائی ہے۔

**S/B: Randhir Jaiswal**

بھارتی شہری ریٹائرڈ میجر وکرانت جیٹلی کے بارے میں پوچھے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے ترجمان نے

کہا کہ ابوظہبی میں واقع بھارتی سفارتخانے کے قونصلر حکام نے باقاعدہ قونصلر رسائی کی اجازت حاصل کرلی ہے اور اُن سے چار بار ملاقات بھی ہوچکی ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ بھارتی سفارتخانہ، دلّی ہائی کورٹ کی ہدایت کے مطابق میجر وکرانت جیٹلی کو ہر ممکن قونصلر مدد کی فراہمی جاری رکھے گا۔ انہوں نے بتایا کہ بھارتی سفارتخانہ میجر وکرانت جیٹلی کی اہلیہ سمیت اُن کے خاندان سے رابطے میں ہے۔ x

## IFFI

بھارت کا 56واں بین الاقوامی فلم فیسٹول، IFFI، گوا کے پنجی میں 20نومبر سے 28نومبر کے درمیان منعقد ہوگا۔ اِس ضمن میں آج نئی دلّی میں منعقد اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے بتایا کہ گوا میں ہونے والا بھارت کا بین الاقوامی فلم فیسٹول، دنیا کے بھر کے تخلیق کاروں کے درمیان پُل کا کام کرے گا۔

**S/B: Dr. L Murugan**

اس دوران اطلاعات و نشریات کے محکمے کے سکریٹری سنجے جاجو نے کہا کہ 20نومبر کو IFFI کی افتتاحی تقریب ہوگی، جس میں کارنیول اور پریڈ کے ذریعے ملک کے سینما کے سفر کا جشن منایا جائے گا۔

جناب جاجو نے مزید کہا کہ IFFI، ملک کے سینما کی گونا گونیت کے مظاہرے کی ایک کوشش ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ .........

**VC Adarsh**

سال1952سے منایا جا رہا بھارت کا بین الاقوامی فلم فیسٹول، بھارت اور بین الاقوامی سینما کے درمیان ایک Gateway کے طور پر منایا جاتا ہے، جس سے تخلیقی تبادلے، مشترکہ پروڈکشن اور فلمی نظریات کے تبادلے کو تقویت ملتی ہے۔ اِس سال فیسٹول میں Sirat،The Blue Trail اور A Useful Ghost جیسی بین الاقوامی فلموں کی پردۂ سیمیں پر نمائش کی جائے گی۔ اِس کے علاوہ 81ممالک کی 240فلموں کے 13ورلڈ پریمیئر، پانچ بین الاقوامی پریمیئر اور 44ایشیائی پریمیئرز منعقد ہوں گے۔ اِس سال جاپان، خصوصی توجہ والا ملک ہوگا۔ بھارتی سینما کی آزمودہ کار شخصیت V شانتا رام کے 125سال مکمل ہونے کے موقع پر فلم فیسٹول میں ''ڈاکٹر کوٹنیس کی امر کہانی'' کی خصوصی اسکریننگ کی جائے گی۔

دلّی سے آدرش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## GST Agriculture

ملک بھر میں GST بچت اُتسو جاری ہے۔ GST کی شرحوں میں کمی کے ساتھ اس کا آغاز 22ستمبر کو ہوا تھا۔ ہمارے نامہ نگار نے آج زراعت کے شعبے میں نئی GST شرحوں سے شہریوں کو ہونے والے فوائد پر ایک رپورٹ پیش کی ہے۔

**VC Priya**

اگلے دور کی GST اصلاحات سے ضروری مشینیری اور خوردنی پروڈکٹس پر GST میں کمی سے زراعت کے شعبے کو کافی تعاون پہنچا ہے اور لاکھوں کسانوں کیلئے کھیتی کفایتی ہوگئی ہے۔ اَمونیا، سلفورِک ایسیڈ اور Nitric ایسیڈ جیسے کھاد پر اَب صرف پانچ فیصد GST ہے، جبکہ پہلے 18 فیصد تھی۔ اس سے کھاد کی پیداوار کی قیمت میں کمی آئی ہے۔ اسی طرح اٹھارہ سو CC سے کم انجن والے ٹریکٹروں پر GST پانچ فیصد ہوگئی ہے جبکہ پہلے 12 فیصد تھی۔ پروسیسڈ پھلوں اور سبزیوں پر بھی GST پانچ فیصد ہوگئی ہے۔اِن اصلاحات کا مقصد کسانوں کی آمدنی میں اضافہ کرنا، پیداوار کی قیمت کو کم کرنا اور پورے ملک میں دیہی معیشت کو مستحکم کرنا ہے۔

دلّی سے Priya کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

## Goa Chess Worldup

FIDE شطرنج عالمی کپ کے پہلے دو راؤنڈز میں 14 بھارتی کھلاڑیوں کے باہر ہوجانے کے بعد تیسرے راؤنڈ میں 10 بھارتی کھلاڑی رہ گئے ہیں، جو آج گوا میں تیسرے راؤنڈ کے پہلے گیم میں مقابلہ آرائی کر رہے ہیں۔ بھارتی دستے میں ڈی گوکیش، ارجن Pentala،Erigaisi ہری کرشنا، Diptayan گھوش، کارتک وینکٹ رَمن، پرناؤ وی، پرنیش ایم، آر پرگنندہ اور .S. L نارائنن شامل ہیں۔

اس دوران ہری کرشن نے سفید مہروں سے کھیلتے ہوئے محض ڈھائی گھنٹے میں بیلجیم کے گرینڈ ماسٹر Daniel Dardha کو شکست دی، جبکہ ارجن Erigaisi نے شروعات میں ہی بہترین کار کردگی کا مظاہرہ کیا اور شمس الدین Vokhidov کے خلاف میچ میں ایک–صفر کی سبقت حاصل کرلی۔

دونوں کو چوتھے راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کرنے کیلئے محض ایک ڈرا کی ضرورت ہے۔

ٹائی بریکرس کے ذریعے تیسرے راؤنڈ میں جگہ بنانے والے پرگنندہ اور وِدِت گجراتی نے آج سنبھل کر کھیلا اور ڈرا کروانے میں کامیاب رہے، جس کے بعد اُن کے حریف کھلاڑی کے ساتھ پوائنٹس تقسیم کیے گئے۔ ڈی گوکیش نے Frederik Svane کے ساتھ اپنا مقابلہ ڈرا پر ختم کیا۔x

## Mens Cricket T20

مردوں کے کرکٹ میں بھارت اور میزبان آسٹریلیا کے درمیان کل بریسبین کے گابا اسٹیڈیم میں 5 میچوں کی ٹی ٹونٹی سیریز کا آخری میچ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ایک بج کر 45 منٹ پر شروع ہوگا۔ بھارت نے گزشتہ روز کوئنس لینڈ کے کیرارا اول میں کھیلے گئے چوتھے میچ میں آسٹریلیا کو 48 رن سے شکست دی تھی۔ اس جیت کے ساتھ ہی بھارتی ٹیم نے سیریز میں 1-2 کی ناقابل شکست پر برتری حاصل کری ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆